| جَنَّتٰنِ ① | عَنْ يَّمِيْنٍ | وَّشِمَالٍ ؕ | كُلُوْا ② | مِنْ رِّزْقِ | رَبِّكُمْ |
| دو باغ | دائیں سے | اور بائیں (جانب) | تم سب کھاؤ | رزق سے | اپنے رب کے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اشْكُرُوْا | لَهٗ ؕ | بَلْدَةٌ | طَيِّبَةٌ | وَّ | رَبٌّ | غَفُوْرٌ ③ ﴿15﴾ |
| اور | تم سب شکرادا کرو | اُس کا | شہر (ہے) | پاکیزہ | اور | رب (ہے) | بہت بخشنے والا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاَعْرَضُوْا | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | سَيْلَ | الْعَرِمِ |
| پھر اُنہوں نے منہ موڑلیا | تو ہم نے بھیجا | اُن پر | سیلاب | زور کا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | بَدَّلْنٰهُمْ | بِجَنَّتَيْهِمْ ④ | جَنَّتَيْنِ ① |
| اور | ہم نے بدلے میں دیے اُن کو | اُن کے دو باغوں کے عوض | دو باغ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ ④ | وَّ | اَثْلٍ | وَّ | شَيْءٍ | مِّنْ سِدْرٍ |
| دونوں بدمزہ میوے والے | اور | جھاؤ کے درختوں (والے) | اور | کچھ | بیریوں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَلِيْلٍ ﴿16﴾ | ذٰلِكَ ⑤ | جَزَيْنٰهُمْ | بِمَا | كَفَرُوْا ؕ | وَهَلْ ⑥ |
| تھوڑی سی | یہ | ہم نے بدلہ دیا اُنہیں | اس وجہ سے جو | اُنہوں نے کفر کیا | اور نہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نُجْزِيْٓ | اِلَّا | الْكَفُوْرَ ③ ﴿17﴾ | وَ | جَعَلْنَا | بَيْنَهُمْ |
| ہم سزا دیتے | مگر | (اُسے جو) بہت ناشکرا ہو | اور | ہم نے بنا دیں | اُن کے درمیان |

ضروری وضاحت

① انِ اور يْنِ دونوں علامتیں تعداد میں دو یعنی تثنیہ کو ظاہر کرتی ہیں۔② كُلُوْا دراصل میں اُاْكُلُوْا تھا، شروع تخفیف کے لیے شروع سے دونوں ہمزے گرائے گئے ہیں۔③ فَعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ یہ اصل میں بِجَنَّتَيْنِ + هِمْ اور ذَوَاتَيْنِ تھا دونوں جگہ تثنیہ کا نون گر گیا ہے۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ هَلْ کا اصل ترجمہ کیا ہے، اگر اس کے بعد اُسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو پھر اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ بَیۡنَ الۡقُرَی | اور (شام کی اُن) بستیوں کے درمیان |
| الَّتِیۡ بٰرَکۡنَا فِیۡهَا | (وہ) جو ہم نے برکت کی تھی اُن میں |
| قُرًی ظَاهِرَةً | کچھ بستیاں (بنادیں جو) سامنے نظر آنے والی تھیں |
| وَّقَدَّرۡنَا فِیۡهَا السَّیۡرَ ؕ | اور ہم نے مقرّر کردی تھیں (منزلیں) اُن میں چلنے کی |
| سِیۡرُوۡا فِیۡهَا لَیَالِیَ وَ اَیَّامًا اٰمِنِیۡنَ ﴿18﴾ | (ہم نے کہا) چلو اُن میں راتوں اور دنوں کو امن سے۔ ﴿18﴾ |
| فَقَالُوۡا رَبَّنَا بٰعِدۡ | پس اُنہوں نے کہا اے ہمارے رب تو دوری پیدا کردے |
| بَیۡنَ اَسۡفَارِنَا وَظَلَمُوۡۤا | ہمارے سفروں کے درمیان اور اُنہوں نے ظلم کیا |
| اَنۡفُسَهُمۡ فَجَعَلۡنٰهُمۡ اَحَادِیۡثَ | اپنی جانوں پر تو ہم نے بنادیا اُنہیں کہانیاں |
| وَمَزَّقۡنٰهُمۡ | اور ہم نے ٹکڑے ٹکڑے کردیا اُنہیں |
| كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ | مکمل طور پر ٹکڑے ٹکڑے کرنا بلا شبہ اس میں |
| لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ | یقیناً نشانیاں ہیں ہر بہت صبر کرنے والے |
| شَكُوۡرٍ ﴿19﴾ | بہت شکر کرنے والے کے لیے۔ ﴿19﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| الۡقُرَی | : قریہ قریہ بستی بستی۔ | اٰمِنِیۡنَ | : ایمان، مومن، امن۔ |
| بٰرَکۡنَا | : برکت، برکات، مبارک، تبرک۔ | فَقَالُوۡا | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ |
| فِیۡهَا | : فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔ | بٰعِدۡ | : بُعد، بعید از قیاس۔ |
| ظَاهِرَةً | : ظاہر، مظاہرہ، مظہر۔ | اَسۡفَارِنَا | : سفر، مسافر، سامان سفر، مسافر خانہ۔ |
| قَدَّرۡنَا | : تقدیر، مقدر۔ | ظَلَمُوۡۤا | : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |
| السَّیۡرَ | : سیر، سیر و تفریح، سیر و سیاحت۔ | اَنۡفُسَهُمۡ | : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔ |
| لَیَالِیَ | : لیل و نہار، لیلۃ القدر۔ | صَبَّارٍ | : صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔ |
| اَیَّامًا | : یوم، ایام، یوم آخرت۔ | شَكُوۡرٍ | : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بَيْنَ | الْقُرَى | الَّتِيْ ① | بٰرَكْنَا | فِيْهَا | قُرًى |
| اور | درمیان | بستیوں (کے) | (وہ) جو | ہم نے برکت کی تھی | اُن میں | کچھ بستیاں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ظَاهِرَةً ② | وَّ | قَدَّرْنَا ③ | فِيْهَا | السَّيْرَ ؕ |
| سامنے نظر آنے والی تھیں | اور | ہم نے مقرّر کر دی تھیں (منزلیں) | اُن میں | چلنے کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سِيْرُوْا | فِيْهَا | لَيَالِيَ | وَ | اَيَّامًا | اٰمِنِيْنَ (18) |
| تم سب چلو | اُن میں | راتوں | اور | دنوں (کو) | سب امن (سے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَقَالُوْا | رَبَّنَا ④ | بٰعِدْ | بَيْنَ اَسْفَارِنَا ⑤ |
| پس اُنہوں نے کہا | اے ہمارے رب | تو دوری پیدا کر دے | ہمارے سفروں کے درمیان |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | ظَلَمُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ ⑥ | فَجَعَلْنٰهُمْ ⑥ | اَحَادِيْثَ |
| اور | اُنہوں نے ظلم کیا | اپنی جانوں پر | تو ہم نے بنا دیا اُنہیں | کہانیاں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَمَزَّقْنٰهُمْ ⑥ | كُلَّ | مُمَزَّقٍ ؕ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ |
| اور ہم نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اُنہیں | مکمل طور پر | ٹکڑے ٹکڑے کرنا | بلاشبہ | اس میں |

| | | |
|---|---|---|
| لَاٰيٰتٍ ② | لِّكُلِّ صَبَّارٍ ⑦ | شَكُوْرٍ ⑦ (19) |
| یقیناً نشانیاں (ہیں) | ہر بہت صبر کرنے والے کے لیے | بہت شکر کرنے والے (کے لیے) |

ضروری وضاحت

①اَلَّتِیْ واحد مؤنث کی علامت ہے۔② ۃ واحد مؤنث اور ات جمع مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔④ یہ دراصل یَا رَبَّنَا تھا، یہاں یَا کو تخفیف کے لیے گرایا گیا ہے۔⑤ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔⑥ ھُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو اُنہیں کیا جاتا ہے۔⑦ صَبَّارٍ اور شَکُوْرٍ میں مبالغے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ | اور بلا شبہ یقیناً سچا کر دکھایا اُن پر |
| اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ | ابلیس نے اپنا گمان تو اُنہوں نے پیروی کی اُسکی |
| اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿20﴾ | سوائے ایک گروہ کے مومنوں میں سے۔ ﴿20﴾ |
| وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ | اور نہ تھا اُس کا اُن پر کوئی غلبہ |
| اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ | مگر تا کہ ہم جان لیں کون ایمان رکھتا ہے آخرت پر |
| مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ؕ | اُن میں سے جو (کہ) وہ اسکے بارے میں شک میں ہے |
| وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿21﴾ ع | اور آپ کا رب ہر چیز پر خوب نگران ہے۔ ﴿21﴾ |
| قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ | آپ کہہ دیجیے پکارو اُنکو جنہیں تم نے (معبود) گمان کر رکھا تھا |
| مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ | اللہ کے سوا، نہیں وہ اختیار رکھتے ذرّہ برابر |
| فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ | آسمانوں میں اور نہ زمین میں |
| وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ | اور نہیں اُنکا اُن دونوں میں کوئی حصّہ |
| وَمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿22﴾ | اور نہیں ہے اُسکے لیے اُن میں سے کوئی مددگار۔ ﴿22﴾ |

ع 2 12 8

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَدَّقَ : صداقت، صدقِ دل، صادق و امین۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
ظَنَّهٗ : سوءِ ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
فَاتَّبَعُوْهُ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
فَرِيْقًا : فریقِ اوّل، فریقِ ثانی، فریقین۔
سُلْطٰنٍ : سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔
لِنَعْلَمَ : علم، عالم، معلوم۔
بِالْاٰخِرَةِ : آخرت، یومِ آخرت، آخری۔
شَكٍّ : شک، بے شک، مشکوک، شک و شبہ۔
حَفِيْظٌ : حفاظت، محافظ، حفظ ما تقدم، محفوظ۔
قُلِ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
ادْعُوا : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
زَعَمْتُمْ : زعم میں مبتلا ہونا، زعم باطل۔
يَمْلِكُوْنَ : مالک، ملکیت، املاک۔
السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض و سماء۔
شِرْكٍ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلَقَدْ ① | صَدَّقَ | عَلَيْهِمْ | اِبْلِيْسُ | ظَنَّهٗ ② | فَاتَّبَعُوْهُ ③ |
| اور بلاشبہ یقیناً | سچا کر دکھایا | اُن پر | ابلیس نے | اپنا گمان | تو اُنہوں نے پیروی کی اُسکی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | فَرِيْقًا ④ | مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿20﴾ | وَ | مَا | كَانَ | لَهٗ |
| سوائے | ایک گروہ (کے) | مومنوں میں سے | اور | نہ | تھا | اُس کا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | مِّنْ سُلْطٰنٍ ④⑤ | اِلَّا | لِنَعْلَمَ ⑥ | مَنْ | يُّؤْمِنُ | بِالْاٰخِرَةِ |
| اُن پر | کوئی غلبہ | مگر | تا کہ ہم جان لیں | کون | وہ ایمان رکھتا ہے | آخرت پر |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِمَّنْ ⑦ | هُوَ | مِنْهَا | فِيْ شَكٍّ ط | وَ | رَبُّكَ | عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ |
| (اُن) میں سے جو | وہ | اس سے | شک میں | اور | آپ کا رب | ہر چیز پر |

ع 2 12 8

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَفِيْظٌ ﴿21﴾ ع | قُلِ | ادْعُوا | الَّذِيْنَ | زَعَمْتُمْ | مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ج ⑤ |
| خوب نگران | آپ کہہ دیجیے | تم سب پکارو | (انکو) جنہیں | تم نے گمان کر رکھا تھا | اللہ کے سوا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَمْلِكُوْنَ ⑧ | مِثْقَالَ ذَرَّةٍ | فِي السَّمٰوٰتِ | وَلَا فِي الْاَرْضِ | وَمَا | لَهُمْ |
| نہیں وہ سب اختیار رکھتے | ذرہ برابر | آسمانوں میں | اور نہ زمین میں | اور نہیں | اُن کا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِمَا | مِنْ شِرْكٍ ④⑤ | وَّمَا | لَهٗ | مِنْهُمْ | مِّنْ ظَهِيْرٍ ④⑤ ﴿22﴾ |
| اُن دونوں میں | کوئی حصّہ | اور نہیں | اُس کے لیے | اُن میں سے | کوئی مددگار |

### ضروری وضاحت

① لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔③ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔
⑦ مِمَّنْ دراصل مِنْ+مَنْ کا مجموعہ ہے۔⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَا تَنۡفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنۡدَهٗۤ | اور نہیں نفع دے گی سفارش اُس کے پاس |
| اِلَّا لِمَنۡ اَذِنَ لَهٗ ؕ | مگر اُسے جس کو وہ (یعنی اللہ) اجازت دے گا |
| حَتّٰۤی اِذَا فُزِّعَ | یہاں تک کہ جب گھبراہٹ دور کردی جاتی ہے |
| عَنۡ قُلُوۡبِهِمۡ قَالُوۡا | اُنکے دلوں سے (تو فرشتے آپس میں) کہتے ہیں |
| مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمۡ ؕ | کیا فرمایا ہے تمہارے رب نے |
| قَالُوا الۡحَقَّ ۚ | (دوسرے فرشتے) کہتے ہیں حق (فرمایا ہے) |
| وَهُوَ الۡعَلِیُّ الۡكَبِیۡرُ ﴿23﴾ | اور وہی بہت بلند بہت بڑا ہے۔ ﴿23﴾ |
| قُلۡ مَنۡ یَّرۡزُقُكُمۡ | کہہ دیجیے کون رزق دیتا ہے تمہیں |
| مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ | آسمانوں اور زمین سے، کہہ دیجیے اللہ (ہی) |
| وَاِنَّاۤ اَوۡ اِیَّاكُمۡ لَعَلٰی هُدًی | اور بے شک ہم یا تم (یا تو) یقیناً ہدایت پر ہیں |
| اَوۡ فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ ﴿24﴾ | یا کھلی گمراہی میں۔ ﴿24﴾ |
| قُلۡ لَّا تُسۡـَٔلُوۡنَ | آپ کہہ دیجیے تم نہیں پوچھے جاؤ گے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | قَالُوۡا | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ |
| تَنۡفَعُ | : نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔ | الۡعَلِیُّ | : علوّ ومرتبت، عالی شان، جناب عالی۔ |
| الشَّفَاعَةُ | : شفاعت، شافع محشر، شفیع المذنبین۔ | الۡكَبِیۡرُ | : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ |
| اِلَّا | : اِلّاَ ماشاءاللہ، اِلّاَ قلیل، اِلّاَ یہ کہ۔ | الۡاَرۡضِ | : ارض وسما، قطعہ اَراضی، ارض مقدس۔ |
| لِمَنۡ | : الحمدللہ، لہٰذا۔ | هُدًی | : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ |
| اَذِنَ | : اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔ | ضَلٰلٍ | : ضلالت وگمراہی۔ |
| حَتّٰۤی | : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔ | مُّبِیۡنٍ | : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ |
| قُلُوۡبِهِمۡ | : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔ | تُسۡـَٔلُوۡنَ | : سوال، سائل، مسئول۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَنْفَعُ ① | الشَّفَاعَةُ ① | عِنْدَهٗٓ | اِلَّا |
| اور | نہیں | نفع دے گی | سفارش | اُس کے پاس | مگر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِمَنْ ② | اَذِنَ | لَهٗ ؕ | حَتّٰٓى | اِذَا | فُزِّعَ ③ |
| (اُسے) جس کو | وہ اجازت دے گا | اس کو | یہاں تک کہ | جب | گھبراہٹ دور کردی جاتی ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَنْ قُلُوْبِهِمْ | قَالُوْا ④ | مَاذَا ۙ | قَالَ | رَبُّكُمْ ؕ |
| اُنکے دلوں سے | (فرشتے) کہتے ہیں | کیا | فرمایا | تمہارے رب نے؟ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَالُوا | الْحَقَّ ۚ | وَ | هُوَالْعَلِيُّ ⑤ | الْكَبِيْرُ ﴿23﴾ |
| سب کہتے ہیں | حق | اور | وہی بہت بلند | بہت بڑا (ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قُلْ | مَنْ ⑥ | يَّرْزُقُكُمْ | مِّنَ السَّمٰوٰتِ ① | وَالْاَرْضِ ؕ |
| آپ کہہ دیجیے | کون | وہ رزق دیتا ہے تمہیں | آسمانوں سے | اور زمین (سے) |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلِ | اللّٰهُ ۙ | وَ | اِنَّآ ⑦ | اَوْ | اِيَّاكُمْ | لَعَلٰى هُدًى |
| آپ کہہ دیجیے | اللہ (ہی) | اور | بے شک ہم | یا | تم | یقیناً ہدایت پر (ہیں) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَوْ | فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿24﴾ | قُلْ | لَّا تُسْـَٔلُوْنَ ⑧ |
| یا | کھلی گمراہی میں | آپ کہہ دیجیے | نہیں تم سب پوچھے جاؤ گے |

## ضروری وضاحت

① تَ، ةَ واحد مؤنث اور ات جمع مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② لِ کا ترجمہ کبھی لیے اور کبھی کو کیا جاتا ہے۔ ③ فُزِّعَ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا گیا کیا جاتا ہے یہاں ضرورتاً کیا جاتا ہے کیا گیا ہے۔ ④ یہاں وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم شامل ہوتا جاہے۔ ⑥ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ⑦ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| عَمَّآ اَجْرَمْنَا | اُس کے بارے میں جو ہم نے جرم کیا |
| وَلَا نُسْـَٔلُ | اور نہ ہم پوچھے جائیں گے |
| عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿25﴾ | اُس کے بارے میں جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿25﴾ |
| قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا | کہہ دیجیے جمع کرے گا ہم سب کو ہمارا رب |
| ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ | پھر وہ فیصلہ کرے گا ہمارے درمیان حق کیساتھ |
| وَهُوَ الْفَتَّاحُ | اور وہی ہے خوب فیصلہ کرنے والا |
| الْعَلِيْمُ ﴿26﴾ | سب کچھ جاننے والا۔ ﴿26﴾ |
| قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ | آپ کہہ دیجیے دکھاؤ مجھے (وہ معبود) جنہیں |
| اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ | تم نے ملا دیا تھا اس کے ساتھ شریک بنا کر |
| كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ | (ایسا) ہرگز نہیں، بلکہ وہی اللہ ہے |
| الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿27﴾ | خوب غالب نہایت حکمت والا۔ ﴿27﴾ |
| وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ | اور نہیں ہم نے بھیجا آپ کو مگر تمام لوگوں کے لیے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَجْرَمْنَا | : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔ | الْعَلِيْمُ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| نُسْـَٔلُ | : سوال، سائل، مسئول۔ | اَرُوْنِيَ | : رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔ |
| تَعْمَلُوْنَ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | اَلْحَقْتُمْ | : الحاق، ملحق، لواحقین حضرات، لاحق۔ |
| قُلْ | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ | الْحَكِيْمُ | : حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔ |
| يَجْمَعُ | : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔ | اَرْسَلْنٰكَ | : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ |
| بَيْنَنَا | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | اِلَّا | : اِلَّا ماشاء اللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔ |
| يَفْتَحُ | : افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔ | كَآفَّةً | : کافی، ناکافی، کفایت۔ |
| بِالْحَقِّ | : بالواسطہ، بالمشافہ/حق و باطل، حقیقت۔ | لِّلنَّاسِ | : الحمدللہ، للہذا/عوام الناس، بعض الناس۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَمَّآ ① | اَجْرَمْنَا ② | وَ | لَا نُسْئَلُ ③ |
| اُس کے بارے میں جو | ہم نے جرم کیا | اور | نہ ہم پوچھے جائیں گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَمَّا ① | تَعْمَلُوْنَ ﴿25﴾ | قُلْ ④ | يَجْمَعُ | بَيْنَنَا ⑤ |
| اُسکے بارے میں جو | تم سب عمل کرتے ہو | آپ کہہ دیجیے | وہ جمع کرے گا | ہمارے درمیان (یعنی ہم سب کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبُّنَا ⑤ | ثُمَّ | يَفْتَحُ | بَيْنَنَا ⑤ | بِالْحَقِّ ؕ |
| ہمارا رب | پھر | وہ فیصلہ کرے گا | ہمارے درمیان | حق کے ساتھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ الْفَتَّاحُ ⑥ | الْعَلِيْمُ ﴿26﴾ | قُلْ ④ |
| اور | وہی ہے خوب فیصلہ کرنے والا | سب کچھ جاننے والا | آپ کہہ دیجیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَرُوْنِيَ | الَّذِيْنَ | اَلْحَقْتُمْ | بِهٖ | شُرَكَآءَ |
| دکھاؤ مجھے | (وہ معبود) جنہیں | تم نے ملا دیا تھا | اس کے ساتھ | شریک (بنا کر) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَلَّا ؕ | بَلْ | هُوَ اللّٰهُ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ ﴿27﴾ |
| (ایسا) ہرگز نہیں | بلکہ | وہی اللہ (ہے) | خوب غالب | نہایت حکمت والا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَآ | اَرْسَلْنٰكَ ② | اِلَّا | كَآفَّةً ⑦ | لِّلنَّاسِ |
| اور | نہیں | ہم نے بھیجا آپ کو | مگر | تمام | لوگوں کے لیے |

## ضروری وضاحت

① عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ② فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرایا گیا ہے۔ ⑤ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے ہوتا ہے۔ ⑥ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ كَآفَّةً کا ترجمہ بعض نے گناہوں سے روکنے والا بنا کر بھیجا کیا ہے، اس میں ۃ مبالغہ کی ہے جیسے عَلَّامَةٌ میں ہے۔

| | |
|---|---|
| بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا | خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا (بنا کر) |
| وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿28﴾ | اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ﴿28﴾ |
| وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ | اور وہ کہتے ہیں کب (پورا) ہوگا یہ وعدہ |
| اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿29﴾ | اگر تم سچے ہو۔ ﴿29﴾ |
| قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ | کہہ دیجیے تمہارے لیے وعدہ ہے ایک (ایسے) دن کا |
| لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً | (کہ) نہ تم پیچھے رہ سکو گے اُس سے ایک گھڑی |
| وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿30﴾ ع | اور نہ تم آگے بڑھ سکو گے۔ ﴿30﴾ |
| وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | اور کہا (اُن لوگوں نے) جنہوں نے کفر کیا |
| لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ | ہرگز ہم ایمان نہیں لائیں گے اس قرآن پر |
| وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ط | اور نہ اس پر جو اس سے پہلے ہے |
| وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ | اور کاش آپ دیکھتے جب (یہ) ظالم لوگ |
| مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ صلے | کھڑے کیے ہوئے ہوں گے اپنے رب کے پاس |

النصف

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَشِيْرًا | بشارت، مبشر، بشیر۔ | تَسْتَقْدِمُوْنَ | مقدّم، اقدام، قدم۔ |
| نَذِيْرًا | بشارت وانذار، نذیر۔ | كَفَرُوْا | کفر، کافر، کفار، کفارمکہ۔ |
| يَعْلَمُوْنَ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ | نُّؤْمِنَ | ایمان، مومن، امن۔ |
| يَقُوْلُوْنَ | قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ | بَيْنَ | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ |
| الْوَعْدُ | وعدہ، وعید، مسیح موعود۔ | يَدَيْهِ | ید بیضا، یدطولیٰ، رفع الیدین۔ |
| صٰدِقِيْنَ | صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔ | تَرٰٓى | رؤیت ہلال، مرئی وغیرمرئی اشیاء۔ |
| تَسْتَاْخِرُوْنَ | مؤخر، تاخیر، آخری۔ | الظّٰلِمُوْنَ | ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |
| سَاعَةً | ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔ | عِنْدَ | عنداللہ، عندالطلب، عندیہ۔ |

| بَشِيۡرًا | وَّ | نَذِيۡرًا | وَّ | لٰكِنَّ | اَكۡثَرَ | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خوشخبری دینے والا | اور | ڈرانے والا | اور | لیکن | اکثر | لوگ |

| لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿28﴾ ① | وَ | يَقُوۡلُوۡنَ | مَتٰى | هٰذَا | الۡوَعۡدُ |
|---|---|---|---|---|---|
| نہیں وہ سب جانتے | اور | وہ سب کہتے ہیں | کب (پورا) ہوگا | یہ | وعدہ |

| اِنۡ | كُنۡتُمۡ | صٰدِقِيۡنَ ﴿29﴾ | قُلۡ | لَّكُمۡ ② | مِّيۡعَادُ | يَوۡمٍ ③ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | تم ہو | سب سچے | آپ کہہ دیجیے | تمہارے لیے | وعدہ (ہے) | ایک (ایسے) دن کا |

ع 3 9 9 النصف

| لَّا تَسۡتَاۡخِرُوۡنَ ① | عَنۡهُ | سَاعَةً | وَّ | لَا تَسۡتَقۡدِمُوۡنَ ﴿30﴾ ① ع |
|---|---|---|---|---|
| نہ تم سب پیچھے رہ سکو گے | اُس سے | ایک گھڑی | اور | نہ تم سب آگے بڑھ سکو گے |

| وَ | قَالَ ④ | الَّذِيۡنَ ⑤ | كَفَرُوۡا | لَنۡ | نُّؤۡمِنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور | کہا | (اُن لوگوں نے) جن | سب نے کفر کیا | ہرگز نہیں | ہم ایمان لائیں گے |

| بِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ ⑥ | وَلَا | بِالَّذِيۡ ⑥ | بَيۡنَ يَدَيۡهِ ⑦ ط | وَلَوۡ ⑧ |
|---|---|---|---|---|
| اس قرآن پر | اور نہ | (اس) پر جو | اس کے ہاتھوں کے درمیان (ہے) | اور کاش |

| تَرٰۤى | اِذِ | الظّٰلِمُوۡنَ | مَوۡقُوۡفُوۡنَ | عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ |
|---|---|---|---|---|
| آپ دیکھتے | جب | سب ظالم لوگ | سب کھڑے کیے ہوئے (ہوں گے) | اپنے رب کے پاس |

**ضروری وضاحت**

① لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ② لَكُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، پڑھنے میں آسانی کے لیے وَ کو "ا" سے بدلا گیا ہے۔ ⑤ الَّذِيۡنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی بدلہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ بَيۡنَ يَدَيۡهِ کا اصل ترجمہ (اسکے دونوں ہاتھوں کے درمیان) ہے اس سے مراد اس سے پہلے ہے۔ ⑧ لَوۡ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ۨالْقَوْلَ ۚ | ردّ کر رہا ہوگا اُن کا بعض بعض کی بات کا |
| يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا | کہہ رہے ہوں گے (وہ لوگ) جو کمزور سمجھے گئے |
| لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا | (اُن لوگوں) سے جو بڑے بنے ہوئے تھے |
| لَوْلَآ اَنْتُمْ | اگر تم نہ ہوتے |
| لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿31﴾ | (تو) ضرور ہم ہوتے ایمان لانے والے۔ ﴿31﴾ |
| قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا | کہا (اُن لوگوں نے) جو بڑے بنے ہوئے تھے |
| لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا | اُن (لوگوں) سے جو کمزور سمجھے گئے |
| اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ | کیا ہم نے روکا تھا تمہیں |
| عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ | ہدایت سے اس کے بعد |
| اِذْ جَآءَكُمْ | (کہ) جب وہ آئی تمہارے پاس |
| بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿32﴾ | بلکہ تم (خود ہی) مجرم تھے۔ ﴿32﴾ |
| وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا | اور کہیں گے (وہ لوگ) جو کمزور سمجھے گئے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| يَرْجِعُ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔ | مُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔ |
| بَعْضُهُمْ : بعض الناس، بعض اوقات۔ | الْهُدٰى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ |
| اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | بَعْدَ : بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔ |
| بَعْضِ : بعض الناس، بعض اوقات۔ | بَلْ : بلکہ۔ |
| الْقَوْلَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ | مُّجْرِمِيْنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔ |
| اسْتُضْعِفُوْا : ضعف، ضعیف، ضعفاء۔ | وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ |
| اسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ | قَالَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ |
| لَآ : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | اسْتُضْعِفُوْا : ضعف، ضعیف، ضعفاء۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَرْجِعُ | بَعْضُهُمْ | اِلٰى بَعْضِ | الْقَوْلَ ① | يَقُوْلُ ② |
| وہ لوٹا رہا ہوگا | اُن کا بعض | بعض کی طرف | بات کو | وہ کہہ رہے ہوں گے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ ③ | اسْتُضْعِفُوْا ④ | لِلَّذِيْنَ ③ | اسْتَكْبَرُوْا |
| (وہ لوگ) جو | سب کمزور سمجھے گئے | (اُن لوگوں) سے جو | سب بڑے بنے ہوئے تھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَوْ | لَآ | اَنْتُمْ | لَكُنَّا | مُؤْمِنِيْنَ (31) |
| اگر | نہ | تم (ہوتے) | ضرور ہم ہوتے | سب ایمان لانے والے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَالَ | الَّذِيْنَ ③ | اسْتَكْبَرُوْا | لِلَّذِيْنَ ③ |
| کہا | (اُن لوگوں نے) جو | سب بڑے بنے ہوئے تھے | (اُن لوگوں) سے جو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اسْتُضْعِفُوْٓا ④ | اَ | نَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ ⑤ | عَنِ الْهُدٰى |
| سب کمزور سمجھے گئے | کیا | ہم نے روکا تھا تمہیں | ہدایت سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدَ | اِذْ | جَآءَكُمْ ⑥ | بَلْ | كُنْتُمْ | مُّجْرِمِيْنَ (32) |
| اس کے بعد | جب | وہ آئی تمہارے پاس | بلکہ | تھے تم | سب مجرم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ ③ | اسْتُضْعِفُوْا ④ |
| اور | کہیں گے | (وہ لوگ) جو | سب کمزور سمجھے گئے |

## ضروری وضاحت

①یعنی ایک دوسرے پر اپنی ناکامی کا الزام دے رہے ہونگے۔②يَقُوْلُ فعل واحد مذکر کے لیے ہے لیکن کیونکہ اسکا تعلق اَلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا سے ہے جو کہ جمع ہے اس لیے ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔③الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔④یہ فعل اصل میں اُسْتُضْعِفُوْا تھا فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤نَحْنُ اور نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔⑥جَآءَ فعل مذکر ہے کیونکہ اس کا تعلق پیچھے الھدی سے، اس لیے ترجمہ مؤنث ہوا ہے۔

| | |
|---|---|
| لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا | (اُن لوگوں) سے جو بڑے بنے ہوئے تھے |
| بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ | بلکہ (تمہاری) رات اور دن کی چالبازی نے (ہمیں روکا تھا) |
| اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ | جب تم حکم دیتے تھے ہمیں |
| اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ | کہ ہم کفر کریں اللہ کے ساتھ |
| وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ | اور ہم ٹھہرائیں اُس کے لیے شریک |
| وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ | اور وہ چھپائیں گے ندامت کو |
| لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ | جب وہ عذاب دیکھیں گے |
| وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ | اور ہم کر دیں گے (یعنی ڈال دیں گے) طوق |
| فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ | (اُن لوگوں کی) گردنوں میں جنہوں نے کفر کیا |
| هَلْ يُجْزَوْنَ | نہیں وہ بدلہ دیے جائیں گے |
| اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿33﴾ | مگر (اُسی کا) جو وہ عمل کرتے تھے۔ ﴿33﴾ |
| وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ | اور نہیں ہم نے بھیجا کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
مَكْرُ : مکروفریب، مکار۔
الَّيْلِ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
تَاْمُرُوْنَنَا : امر، آمر، مامور، امور۔
نَّكْفُرَ : کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
اَسَرُّوا : اسرار ورموز، پراسرار، سرِنہاں۔
النَّدَامَةَ : نادم، ندامت۔
رَاَوْا : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

فِيْٓ : فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔
يُجْزَوْنَ : جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
اَرْسَلْنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی۔
مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْا | بَلْ | مَكْرُ | الَّيْلِ | وَ | النَّهَارِ |
| (اُن) سے جو | سب بڑے بنے ہوئے تھے | بلکہ | چالبازی | رات | اور | دن (کی) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِذْ | تَاْمُرُوْنَنَآ ① | اَنْ | نَّكْفُرَ | بِاللّٰهِ |
| جب | تم سب حکم دیتے تھے ہمیں | کہ | ہم کفر کریں | اللہ کے ساتھ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَجْعَلَ | لَهٗٓ ② | اَنْدَادًا ؕ | وَ | اَسَرُّوا |
| اور | ہم ٹھہرائیں | اُس کے لیے | شریک | اور | وہ سب چھپائیں گے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| النَّدَامَةَ | لَمَّا | رَاَوُا ③ | الْعَذَابَ ؕ |
| ندامت (کو) | جب | وہ سب دیکھیں گے | عذاب (کو) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلْنَا ① | الْاَغْلٰلَ | فِيْٓ اَعْنَاقِ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا ؕ |
| اور | ہم کردیں گے | طوق | گردنوں میں | (اُن لوگوں کی) جن | سب نے کفر کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هَلْ ④ | يُجْزَوْنَ ⑤ | اِلَّا | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ ﴿33﴾ |
| نہیں | وہ سب بدلہ دیے جائیں گے | مگر | جو | تھے وہ سب | وہ سب عمل کرتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | مَآ | اَرْسَلْنَا ① | فِيْ قَرْيَةٍ ⑥ | مِّنْ نَّذِيْرٍ ⑥ |
| اور | نہیں | ہم نے بھیجا | کسی بستی میں | کوئی ڈرانے والا |

### ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر زبر ہو تو ترجمہ ہمیں اور اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ② لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ③ یہ اصل میں رَاَوْا تھا اگلے لفظ سے ملانے کے لیے وُ کو پیش دی گئی ہے۔ ④ هَلْ کا اصل ترجمہ کیا ہے لیکن اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو پھر ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اور یہاں مِّنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

| | |
|---|---|
| اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ | مگر کہا اُس کے خوشحال لوگوں نے |
| اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ | بے شک ہم اس کا جو (کہ) تم بھیجے گئے ہو |
| بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿34﴾ | اس کے ساتھ انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿34﴾ |
| وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ | اور اُنہوں نے کہا ہم زیادہ ہیں |
| اَمْوَالًا وَّ اَوْلَادًا ۙ | اموال اور اولاد میں |
| وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿35﴾ | اور نہیں ہیں ہم ہرگز عذاب دیے جانے والے۔ ﴿35﴾ |
| قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ | کہہ دیجیے بیشک میرا رب ہی کشادہ کرتا ہے رزق |
| لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ | جس کے لیے وہ چاہتا ہے اور وہی تنگ کرتا ہے |
| وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾ ع | اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ﴿36﴾ |
| وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ | اور نہیں ہیں تمہارے مال (ایسے) اور نہ تمہاری اولاد |
| بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى | جو قریب کردیں تمہیں ہمارے ہاں خوب قریب کرنا |
| اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۫ | (ہاں) مگر جو ایمان لایا اور اُس نے نیک عمل کیا |

ع 4 6 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَّا | : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔ | يَّشَآءُ | : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ |
| قَالَ | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ | النَّاسِ | : عوام الناس، بعض الناس۔ |
| بِمَآ | : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ | يَعْلَمُوْنَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| اُرْسِلْتُمْ | : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | تُقَرِّبُكُمْ | : قرب، قریب، مقرب، تقرب۔ |
| اَكْثَرُ | : کثرت، اکثر، کثیر۔ | عِنْدَنَا | : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔ |
| اَمْوَالًا | : مال و دولت، مال و جان، مالی خسارہ۔ | اٰمَنَ | : ایمان، مومن، امن۔ |
| اَوْلَادًا | : ولادت، ولد، اولاد، مولود۔ | عَمِلَ | : عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔ |
| يَبْسُطُ | : بساط، بساط کے مطابق، بساط لپیٹنا۔ | صَالِحًا | : اصلاح، اعمال صالحہ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | قَالَ | مُتْرَفُوْهَآ ۙ | اِنَّا | بِمَآ | اُرْسِلْتُمْ ① |
| مگر | کہا | اُس کے خوشحال لوگوں نے | بیشک ہم | (اس) کا جو | تم بھیجے گئے ہو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | كٰفِرُوْنَ ﴿34﴾ | وَقَالُوْا | نَحْنُ | اَكْثَرُ ② | اَمْوَالًا |
| اسکے ساتھ | سب انکار کرنے والے | اور اُنہوں نے کہا | ہم | زیادہ (ہیں) | اموال |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَوْلَادًا ۙ | وَّ | مَا ③ | نَحْنُ | بِمُعَذَّبِيْنَ ③④ ﴿35﴾ |
| اور | اولاد (میں) | اور | نہیں | ہم | ہرگز سب عذاب دیے جانے والے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اِنَّ رَبِّيْ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ ⑤ | لِمَنْ | يَّشَآءُ |
| کہہ دیجیے | بیشک میرا رب | وہ کشادہ کرتا ہے | رزق | جس کے لیے | وہ چاہتا ہے |

ع 4 6 10

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَقْدِرُ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ ② | النَّاسِ | لَا يَعْلَمُوْنَ ⑥ ع ﴿36﴾ |
| اور | وہ تنگ کرتا ہے | اور | لیکن | اکثر | لوگ | نہیں وہ سب جانتے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَآ | اَمْوَالُكُمْ | وَلَآ | اَوْلَادُكُمْ | بِالَّتِيْ ⑦ | تُقَرِّبُكُمْ ⑧ |
| اور نہیں | تمہارے مال | اور نہ | تمہاری اولاد | (وہ کچھ) جو | قریب کردیں تمہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَنَا | زُلْفٰٓى | اِلَّا | مَنْ اٰمَنَ | وَعَمِلَ | صَالِحًا ۫ |
| ہمارے ہاں | خوب قریب کرنا | مگر | جو ایمان لایا | اور اُس نے عمل کیا | نیک |

### ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں بِ ہو تو اس میں ہرگز نہیں کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑦ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ تُ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ | تو وہی لوگ ہیں (کہ) اُن کے لیے دوگنا بدلہ ہے |
| بِمَا عَمِلُوْا | اس وجہ سے جو اُنہوں نے عمل کیے |
| وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿37﴾ | اور وہ بالاخانوں میں امن کے ساتھ ہوں گے۔ ﴿37﴾ |
| وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ | اور (وہ لوگ) جو کوشش کرتے ہیں |
| فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ | ہماری آیات (کے جھٹلانے) میں (ہمیں) عاجز کرنے کی |
| اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ | وہی لوگ عذاب میں |
| مُحْضَرُوْنَ ﴿38﴾ | حاضر کیے جانے والے ہیں۔ ﴿38﴾ |
| قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ | کہہ دیجیے بے شک میرا رب کشادہ کرتا ہے رزق |
| لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ | جس کے لیے وہ چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے |
| وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ | اور وہی تنگ کرتا ہے اُس کے لیے |
| وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ | اور جو تم (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہو کوئی چیز |
| فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ | تو وہ عوض دیتا ہے اُس کا (یعنی اس کی جگہ اور دیتا ہے) |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

جَزَآءُ : جزا و سزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
الضِّعْفِ : ذو اضعاف اقل، اضعاف۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
عَمِلُوْا : عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
اٰمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔
يَسْعَوْنَ : سعی کرنا، سعی لاحاصل، مساعی جمیلہ۔
مُعٰجِزِيْنَ : عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔
مُحْضَرُوْنَ : حاضر، حاضری، استحضار۔

قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
يَبْسُطُ : بساط، بساط کے مطابق، بساط لپیٹنا۔
لِمَنْ : لہٰذا، الحمدللہ۔
يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
عِبَادِهٖ : عبد، عابد، معبود، عبادت، عبادالرحمن۔
اَنْفَقْتُمْ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
يُخْلِفُهٗ : خلیفہ، خلافت، ناخلف، خلف الرشید۔

| فَاُولٰٓئِكَ① | لَهُمْ② | جَزَآءُ | الضِّعْفِ | بِمَا③ |
|---|---|---|---|---|
| تو وہی لوگ (ہیں) | اُن کے لیے | بدلہ (ہے) | دوگنا | اس وجہ سے جو |

| عَمِلُوْا | وَ | هُمْ | فِي الْغُرُفٰتِ | اٰمِنُوْنَ ﴿37﴾ |
|---|---|---|---|---|
| اُن سب نے عمل کیے | اور | وہ | بالاخانوں میں | امن کے ساتھ رہنے والے |

| وَ | الَّذِيْنَ | يَسْعَوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِنَا |
|---|---|---|---|
| اور | (وہ لوگ) جو | وہ سب کوشش کرتے ہیں | ہماری آیات میں |

| مُعٰجِزِيْنَ | اُولٰٓئِكَ① | فِي الْعَذَابِ | مُحْضَرُوْنَ④ ﴿38﴾ |
|---|---|---|---|
| سب عاجز کرنے والے | وہی لوگ | عذاب میں | سب حاضر کیے جانے والے (ہیں) |

| قُلْ | اِنَّ⑤ | رَبِّيْ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ⑥ | لِمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|
| کہہ دیجیے | بے شک | میرا رب | وہ کشادہ کرتا ہے | رزق | جس کے لیے |

| يَّشَآءُ | مِنْ عِبَادِهٖ | وَ | يَقْدِرُ | لَهٗ② ط |
|---|---|---|---|---|
| وہ چاہتا ہے | اپنے بندوں میں سے | اور | وہ تنگ کرتا ہے | اُس کے لیے |

| وَ | مَآ | اَنْفَقْتُمْ | مِّنْ شَيْءٍ | فَهُوَ | يُخْلِفُهٗ ج |
|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | تم خرچ کرتے ہو | کسی چیز سے | تو وہ | وہ عوض دیتا ہے اُس کا |

### ضروری وضاحت

①اُولٰٓئِكَ جمع مذکر کی علامت ہے جب بات زور دے کر کہنی ہو تو ذٰلِكَ، تِلْكَ اور اُولٰٓئِكَ کا استعمال ہوتا ہے۔②لَهُمْ اور لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔③بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہے۔⑤اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿39﴾ | اور وہ سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے۔ ﴿39﴾ |
| وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ | اور جس دن وہ اُنہیں (یعنی مشرکین کو) اکٹھا کرے گا |
| جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ | سب کے سب کو پھر وہ کہے گا فرشتوں سے |
| اَهٰٓؤُلَآءِ | کیا یہی لوگ ہیں |
| اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿40﴾ | (جو) تمہاری ہی عبادت کیا کرتے تھے۔ ﴿40﴾ |
| قَالُوْا سُبْحٰنَكَ | وہ کہیں گے تو پاک ہے |
| اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ | تو ہمارا دوست (کارساز) ہے اُن کے سوا |
| بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ | بلکہ وہ عبادت کرتے تھے جنوں کی |
| اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿41﴾ | اُن میں سے اکثر اُنہی پر ایمان رکھنے والے تھے۔ ﴿41﴾ |
| فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ | سو آج نہیں اختیار رکھتا |
| بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ | تمہارا بعض (دوسرے) بعض کے لیے |
| نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ | کسی نفع کا اور نہ کسی نقصان کا |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الرّٰزِقِيْنَ : رزق، رزّاق، رازق۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یومِ آخرت۔
يَحْشُرُ : حشر، روزِ محشر، حشر و نشر۔
جَمِيْعًا : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
يَقُوْلُ : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زرّیں۔
لِلْمَلٰٓئِكَةِ : ملک الموت، ملائکہ۔
يَعْبُدُوْنَ : عبد، عابد، معبود، عبادت، عباد الرحمن۔
سُبْحٰنَكَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔

وَلِيُّنَا : ولی، اولیاءِ کرام، ولایت، مولیٰ۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اَكْثَرُ : کثرت، اکثر، کثیر۔
مُّؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔
يَمْلِكُ : مالک، ملکیت، املاک۔
بَعْضُكُمْ : بعض الناس، بعض اوقات۔
نَّفْعًا : نفع، منافع، منفعت، نفع و نقصان۔
ضَرًّا : مضرِ صحت، ضرر رساں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | خَيْرُ | الرّٰزِقِيْنَ (39) | وَ | يَوْمَ |
| اور | وہ | بہتر (ہے) | سب رزق دینے والوں (سے) | اور | جس دن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَحْشُرُهُمْ ① | جَمِيْعًا | ثُمَّ | يَقُوْلُ | لِلْمَلٰٓئِكَةِ ② |
| وہ اکٹھا کرے گا اُنہیں | سب کے سب (کو) | پھر | وہ کہے گا | فرشتوں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَ | هٰٓؤُلَآءِ | اِيَّاكُمْ | كَانُوْا | يَعْبُدُوْنَ (40) | قَالُوْا ③ |
| کیا | یہی لوگ (ہیں) | صرف تمہاری ہی | وہ سب تھے | وہ سب عبادت کیا کرتے | وہ سب کہیں گے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سُبْحٰنَكَ | اَنْتَ | وَلِيُّنَا ④ | مِنْ دُوْنِهِمْ ⑤ ج | بَلْ | كَانُوْا |
| تو پاک (ہے) | تو | ہمارا دوست (کارساز) | اُن کے سوا | بلکہ | وہ سب تھے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَعْبُدُوْنَ | الْجِنَّ ج | اَكْثَرُهُمْ | بِهِمْ ⑥ |
| وہ سب عبادت کرتے | جنوں (کی) | اُن میں سے اکثر | اُنہی پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنُوْنَ ⑦ (41) | فَالْيَوْمَ | لَا | يَمْلِكُ | بَعْضُكُمْ |
| سب ایمان رکھنے والے (تھے) | سو آج | نہیں | وہ اختیار رکھتا | تمہارا بعض |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِبَعْضٍ | نَّفْعًا ⑧ | وَّ | لَا | ضَرًّا ⑧ ط |
| بعض کے لیے | کسی نفع (کا) | اور | نہ | کسی نقصان (کا) |

**ضروری وضاحت**

① هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔② يَقُوْلُ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔③ قَالُوْا میں گزرے ہوئے زمانے کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً مستقبل کا ترجمہ کیا گیا ہے۔④ نَا کا اسم کے ساتھ ترجمہ ہمارا کیا جاتا ہے۔⑤ لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی بدلہ بھی کیا جاتا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَنَقُوۡلُ لِلَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا | اور ہم کہیں گے ان (لوگوں) سے جنہوں نے ظلم کیا |
| ذُوۡقُوۡا عَذَابَ النَّارِ | چکھو (اُس) آگ کا عذاب |
| الَّتِىۡ كُنۡتُمۡ بِهَا تُكَذِّبُوۡنَ ﴿42﴾ | (وہ) جو تھے تم اس کو جھٹلاتے۔ ﴿42﴾ |
| وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ | اور جب پڑھی جاتی ہیں اُن پر |
| اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ | ہماری واضح آیات |
| قَالُوۡا مَا هٰذَاۤ اِلَّا رَجُلٌ | (تو) کہتے ہیں نہیں ہے یہ مگر ایک آدمی |
| يُّرِيۡدُ اَنۡ يَّصُدَّكُمۡ عَمَّا | (جو) چاہتا ہے کہ روک دے وہ تمہیں اس سے جسکی |
| كَانَ يَعۡبُدُ اٰبَآؤُكُمۡ ۚ | تمہارے باپ دادا عبادت کرتے تھے |
| وَقَالُوۡا مَا هٰذَاۤ | اور وہ کہتے ہیں نہیں ہے یہ (قرآن) |
| اِلَّاۤ اِفۡكٌ مُّفۡتَرًى ؕ وَقَالَ | مگر ایک جھوٹ گھڑا ہوا، اور کہا |
| الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلۡحَقِّ | (اُن لوگوں نے) جنہوں نے انکار کیا حق کا |
| لَمَّا جَآءَهُمۡ ۙ | جب وہ آیا اُن کے پاس |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| نَقُوۡلُ | قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ | اِلَّا | اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔ |
| ظَلَمُوۡا | ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ | رَجُلٌ | رجال کار، قحط الرجال۔ |
| ذُوۡقُوۡا | ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔ | يُّرِيۡدُ | ارادہ، مرید، مراد۔ |
| النَّارِ | یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ | يَعۡبُدُ | عبد، عابد، معبود، عبادت، عبادالرحمن۔ |
| تُكَذِّبُوۡنَ | کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | هٰذَآ | لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس، حامل رقعہ ہذا۔ |
| تُتۡلٰى | تلاوت، وحی متلو۔ | مُّفۡتَرًى | افتریٰ پردازی، مفتری۔ |
| عَلَيۡهِمۡ | علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | كَفَرُوۡا | کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ |
| بَيِّنٰتٍ | بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ | لِلۡحَقِّ | حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | نَقُوْلُ | لِلَّذِيْنَ ① | ظَلَمُوْا | ذُوْقُوْا |
| اور | ہم کہیں گے | (ان لوگوں) سے جنہوں نے | سب نے ظلم کیا | تم سب چکھو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَذَابَ النَّارِ | الَّتِيْ | كُنْتُمْ | بِهَا ② | تُكَذِّبُوْنَ ﴿42﴾ |
| آگ کا عذاب | (وہ) جو | تھے تم | اس کو | تم سب جھٹلاتے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتُنَا ③ | بَيِّنٰتٍ |
| اور | جب | پڑھی جاتی ہیں | اُن پر | ہماری آیات | واضح |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | مَا ④ | هٰذَآ | اِلَّا | رَجُلٌ ⑤ | يُّرِيْدُ |
| سب کہتے ہیں | نہیں | یہ | مگر | ایک آدمی | وہ چاہتا ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يَّصُدَّكُمْ | عَمَّا ⑥ | كَانَ | يَعْبُدُ ⑦ | اٰبَآؤُكُمْ ج |
| کہ | وہ روک دے تمہیں | اس سے جس کی | تھے | عبادت کرتے | تمہارے باپ دادا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالُوْا | مَا ④ | هٰذَآ | اِلَّآ | اِفْكٌ ⑤ | مُّفْتَرًى ط |
| اور | ان سب نے کہا | نہیں | یہ | مگر | ایک جھوٹ | گھڑا ہوا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَقَالَ | الَّذِيْنَ ① | كَفَرُوْا | لِلْحَقِّ ⑧ | لَمَّا | جَآءَهُمْ لا |
| اور کہا | جنہوں نے | سب نے انکار کیا | حق کا | جب | وہ آیا اُن کے پاس |

## ضروری وضاحت

① الَّذِيْنَ جمع مذکر کی اور الَّتِيْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں اور ترجمہ جو، جنہیں وغیرہ کہا جاتا ہے۔ ② هَا واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ③ نَا کا اسم کے ساتھ ترجمہ ہمارا، ہماری کیا جاتا ہے۔ ④ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ⑦ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ لِ کا ترجمہ عموماً لیے ہوتا ہے کبھی کا، کے، کو بھی کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿43﴾ | نہیں ہے یہ مگر ایک واضح جادو۔ ﴿43﴾ |
| وَمَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ مِّنۡ كُتُبٍ | اور نہیں ہم نے دیں اُن (عربوں) کو کچھ کتابیں |
| يَّدۡرُسُوۡنَهَا | (کہ) وہ پڑھتے ہوں اُنہیں |
| وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهِمۡ | اور نہیں ہم نے بھیجا اُن کی طرف |
| قَبۡلَكَ مِنۡ نَّذِيۡرٍ ؕ ﴿44﴾ | آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا۔ ﴿44﴾ |
| وَكَذَّبَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۙ | اور جھٹلایا (اُن لوگوں نے) جو اُن سے پہلے تھے |
| وَمَا بَلَغُوۡا مِعۡشَارَ | اور نہیں یہ پہنچے (اسکے) دسویں حصّے کو |
| مَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ | جو ہم نے دیا تھا اُنہیں |
| فَكَذَّبُوۡا رُسُلِىۡ قف | پس اُنہوں نے جھٹلایا میرے رسولوں کو |
| فَكَيۡفَ كَانَ نَكِيۡرِ ﴿45﴾ ع | تو کیسا ہوا (اُن پر) میرا عذاب۔ ﴿45﴾ |
| قُلۡ اِنَّمَاۤ | آپ کہہ دیجیے بے شک صرف |
| اَعِظُكُمۡ بِوَاحِدَةٍ ۚ | ایک (ہی بات) کی میں نصیحت کرتا ہوں تمہیں |

ع 11

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَّا | : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔ | كَذَّبَ | : کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔ |
| سِحۡرٌ | : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔ | بَلَغُوۡا | : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ، تبلیغ۔ |
| مُّبِيۡنٌ | : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ | مِعۡشَارَ | : عشرہ محرم، یوم عاشورا، عشرہ مبشرہ۔ |
| مِّنۡ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | مَاۤ | : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| يَّدۡرُسُوۡنَهَا | : درس وتدریس، مدرسہ، مدرس۔ | فَكَيۡفَ | : کیفیت، بہرکیف، کوائف۔ |
| اَرۡسَلۡنَاۤ | : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | قُلۡ | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ |
| اِلَيۡهِمۡ | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | اَعِظُكُمۡ | : وعظ ونصیحت، پندونصائح، نصیحت آموز۔ |
| قَبۡلَكَ | : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل ازغذا۔ | بِوَاحِدَةٍ | : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ ① | هٰذَآ | اِلَّا | سِحْرٌ ② | مُّبِیْنٌ (43) | وَ |
| نہیں | یہ | مگر | ایک جادو | واضح | اور |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَآ ③ | اٰتَیْنٰهُمْ ④ | مِّنْ كُتُبٍ ⑤ | یَّدْرُسُوْنَهَا ⑥ |
| نہیں | ہم نے دیں اُن کو | کچھ کتابیں | وہ سب پڑھتے ہوں اُنہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | مَآ ③ | اَرْسَلْنَآ | اِلَیْهِمْ | قَبْلَكَ |
| اور | نہیں | ہم نے بھیجا | اُن کی طرف | آپ سے پہلے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ نَّذِیْرٍ ⑤ ط (44) | وَ | كَذَّبَ | الَّذِیْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ لا |
| کوئی ڈرانے والا | اور | جھٹلایا | (ان لوگوں نے) جو | ان سے پہلے (تھے) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا ③ | بَلَغُوْا | مِعْشَارَ | مَآ ③ | اٰتَیْنٰهُمْ ④ |
| اور | نہیں | یہ سب پہنچے | (اسکے) دسویں حصّے کو | جو | ہم نے دیا تھا اُنہیں |

ع 5/9/11

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَكَذَّبُوْا | رُسُلِیْ قف | فَكَیْفَ | كَانَ | نَكِیْرِ ⑦ ع (45) |
| پس اُن سب نے جھٹلایا | میرے رسولوں (کو) | تو کیسا | ہوا | (میرا) عذاب |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قُلْ | اِنَّمَآ ⑧ | اَعِظُكُمْ ④ | بِوَاحِدَةٍ ج |
| آپ کہہ دیجیے | بے شک صرف | میں نصیحت کرتا ہوں تمہیں | ایک (ہی بات) کی |

### ضروری وضاحت

①اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اگر اسکے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہوتو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔④ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں یا ان کو اور كُمْ کا ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوجاتی۔⑦ اصل میں نَكِیْرِیْ تھا تخفیف کے لیے یْ گرگئی ہے۔⑧ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ | یہ کہ تم کھڑے ہو جاؤ اللہ کے لیے |
| مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۚ | دو دو اور ایک ایک (کر کے) پھر تم غور کرو |
| مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ | نہیں ہے تمہارے (اس) ساتھی کو کوئی جنون |
| اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ | نہیں ہے وہ مگر تمہارے لیے ایک ڈرانے والا |
| بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿46﴾ | ایک سخت عذاب سے پہلے۔ ﴿46﴾ |
| قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ | کہہ دیجیے جو میں نے مانگی ہو تم سے کوئی اُجرت |
| فَهُوَ لَكُمْ ۭ | تو وہ تمہارے لیے ہے (یعنی وہ تمہاری ہوئی) |
| اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ | نہیں ہے میری اُجرت مگر اللہ پر ہی |
| وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿47﴾ | اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔ ﴿47﴾ |
| قُلْ اِنَّ رَبِّيْ | آپ کہہ دیجیے بے شک میرا رب (ہی دل میں) |
| يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ | ڈالتا ہے حق کو |
| عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿48﴾ | (وہ) پوشیدہ باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿48﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| تَقُوْمُوْا | قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔ | قُلْ | قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔ |
| مَثْنٰى | ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔ | مَا | ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| فُرَادٰى | فرداً فرداً، افراد، انفرادی طور پر، مفرد۔ | سَاَلْتُكُمْ | سوال، سائل، مسئول۔ |
| تَتَفَكَّرُوْا | فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔ | عَلٰى | علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| نَذِيْرٌ | بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔ | شَهِيْدٌ | شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔ |
| بَيْنَ | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | بِالْحَقِّ | فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔ |
| يَدَيْ | ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔ | عَلَّامُ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ |
| شَدِيْدٍ | شدید، شدت، مشدد، تشدد۔ | الْغُيُوْبِ | حاضر و غائب، علمِ غیب، غیبی امداد۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | تَقُوْمُوْا | لِلّٰهِ | مَثْنٰى | وَ | فُرَادٰى |
| یہ کہ | تم سب کھڑے ہو جاؤ | اللہ کے لیے | دو دو | اور | ایک ایک (کر کے) |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | تَتَفَكَّرُوْا ① قف | مَا | بِصَاحِبِكُمْ | مِّنْ جِنَّةٍ ط ②③ | اِنْ ④ | هُوَ |
| پھر | تم سب غور کرو | نہیں | تمہارے (اس) ساتھی کو | کوئی جنون | نہیں (ہے) | وہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | نَذِيْرٌ ② | لَّكُمْ ⑤ | بَيْنَ يَدَيْ ⑥ | عَذَابٍ شَدِيْدٍ ② ﴿46﴾ |
| مگر | ایک ڈرانے والا | تمہارے لیے | دو ہاتھوں کے درمیان (پہلے) | ایک سخت عذاب سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قُلْ ⑦ | مَا | سَاَلْتُكُمْ | مِّنْ اَجْرٍ ②③ | فَهُوَ |
| آپ کہہ دیجیے | جو | میں نے مانگی ہو تم سے | کوئی اُجرت | تو وہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ ط ⑤ | اِنْ ④ | اَجْرِيَ | اِلَّا | عَلَى اللّٰهِ ج |
| تمہارے لیے (ہوئی) | نہیں | میری اُجرت | مگر | اللہ پر (ہی) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ | شَهِيْدٌ ﴿47﴾ | قُلْ ⑦ | اِنَّ |
| اور | وہ | ہر چیز پر | گواہ | آپ کہہ دیجیے | بے شک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبِّيْ | يَقْذِفُ | بِالْحَقِّ ج | عَلَّامُ | الْغُيُوْبِ ﴿48﴾ |
| میرا رب | وہ ڈالتا ہے | حق کو | خوب جاننے والا | پوشیدہ باتیں |

## ضروری وضاحت

① تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ② مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اگر اسکے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ⑥ بَيْنَ کا ترجمہ درمیان اور يَدَيْ اصل میں يَدَيْنِ تھا جس کا ترجمہ دو ہاتھ ہے یعنی دو ہاتھوں کے درمیان مراد آگے یا پہلے ہے۔ ⑦ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق وَ کو گرایا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| قُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ | آپ کہہ دیجیے حق آ گیا |
| وَمَا يُبۡدِئُ الۡبَاطِلُ | اور (معبود) باطل نہ پہلی مرتبہ (کچھ پیدا) کرسکتا ہے |
| وَمَا يُعِيۡدُ ﴿49﴾ | اور نہ وہ دوبارہ (پیدا) کرے گا۔ ﴿49﴾ |
| قُلۡ اِنۡ ضَلَلۡتُ فَاِنَّمَاۤ اَضِلُّ | کہہ دیجیے اگر میں گمراہ ہوا تو بیشک میں گمراہ ہوں گا |
| عَلٰى نَفۡسِىۡ ۚ | اپنی جان پر (یعنی گمراہی کا وبال مجھ پر ہی ہوگا) |
| وَاِنِ اهۡتَدَيۡتُ فَبِمَا | اور اگر میں نے ہدایت پائی تو اُسی وجہ سے ہے جو |
| يُوۡحِىۡۤ اِلَىَّ رَبِّىۡ ؕ | میرا رب میری طرف وحی کرتا ہے |
| اِنَّهٗ سَمِيۡعٌ قَرِيۡبٌ ﴿50﴾ | بلاشبہ وہ خوب سننے والا بہت قریب ہے۔ ﴿50﴾ |
| وَلَوۡ تَرٰٓى | اور کاش آپ دیکھتے |
| اِذۡ فَزِعُوۡا | جب وہ گھبرائے ہوئے ہونگے |
| فَلَا فَوۡتَ | تو بچ نکلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی |
| وَاُخِذُوۡا مِنۡ مَّكَانٍ قَرِيۡبٍ ۙ ﴿51﴾ | اور وہ پکڑ لیے جائیں گے قریب جگہ سے۔ ﴿51﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلۡ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
يُبۡدِئُ : ابتداء، ابتدائی، مبتدی طالب علم۔
الۡبَاطِلُ : حق و باطل، عقائد باطلہ۔
يُعِيۡدُ : اعادہ، عود کر آنا۔
ضَلَلۡتُ : ضلالت و گمراہی۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
نَفۡسِىۡ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
اهۡتَدَيۡتُ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
فَبِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يُوۡحِىۡۤ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی، وحی غیر متلو۔
اِلَىَّ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
سَمِيۡعٌ : سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
تَرٰٓى : رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
اُخِذُوۡا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
مَّكَانٍ : مکان، مکانات۔
قَرِيۡبٍ : قرب، قریب، مقرب، تقرب۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | جَآءَ | الْحَقُّ ① | وَمَا | يُبْدِئُ | الْبَاطِلُ ① |
| آپ کہہ دیجیے | آ گیا | حق | اور نہ | وہ پہلی مرتبہ (پیدا) کرسکتا ہے | باطل |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يُعِيْدُ ﴿49﴾ | قُلْ | اِنْ | ضَلَلْتُ |
| اور | نہ | وہ دوبارہ (پیدا) کرے گا | آپ کہہ دیجیے | اگر | میں گمراہ ہوا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّمَآ ② | اَضِلُّ | عَلٰى نَفْسِىْ ③ ج | وَ | اِنِ ④ | اهْتَدَيْتُ |
| تو بیشک صرف | میں گمراہ ہوں گا | اپنی جان پر | اور | اگر | میں نے ہدایت پائی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
